پریس ریلیز

گوجرانوالہ 20 اپریل 2024ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر عادل ندیم نے چائلڈ پروٹیکشن بیورو کا دورہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ چائلڈ پروٹیکشن میں تمام بچے پاکستان کا روشن مستقبل ہیں محکمہ ان کی تعلیم وتربیت اور زندگی کی ہر اشائشیں مہیا کر کے بڑی ذمہ داری کا مظاہرہ کر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ بچوں کے ساتھ وقت گزار کر دلی مسرت اور سکون ملا ہے یہ بچے ہمارے لئے بڑے خاص اور اہمیت کے حامل ہیں ان کے ساتھ جتنی شفقت اور محبت کی جائے کم ہے۔گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس چائلڈ پروٹیکشن بیورو کے اس نیک مشن کو آگے بڑھانے کیلئے ہر ممکن تعاون کریگا۔دورہ کے دوران انہوں نے تمام بچوں سے تبادلہ خیال کیا اور ان میں گھول مل گئے۔رکن چیمبر سفیان اکرم مغل اس موقع پر ان کے ہمراہ تھے۔

ڈسٹرکٹ آفیسر چائلڈ پروٹیکشن بیورو نے گوجرانوالہ چیمبر کے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے وفد کو ادارے کے اغراض ومقاصد کے متعلق آگاہ کیا اور ادارے کو درپیش مسائل اور بچوں کی ضروریات کے متعلق تفصیلی آگاہ کیا۔انہوں نے کہا کہ ادارہ بچوں کو معاشرے کا بہترین انسان بنانے کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے ان تمام کاوشوں کا مقصد صرف اور صرف یہی ہے کہ ان کی بہترین کفالت کی جائے تاکہ یہ بچے مستقبل میں نہ صرف کامیاب زندگی گزاریں بلکہ پاکستان کیلئے اپنی خدمات سرانجام دے سکیں۔